No. of Printed Pages : 3

OULE-002

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE (DUL)

Term-End Examination

June, 2016

00319

OULE-002 : CONTEMPORARY URDU FICTION

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ:۔ کل پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

1۔ مرزا ہادی رُسوا کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ 10

یا

اُردو میں ناول نگاری کی روایت پر اظہارِ خیال کیجیے۔

2۔ محمد حسن کے ڈراما "تماشا اور تماشائی" پر تبصرہ کیجیے۔ 10

یا

اُردو میں افسانہ نگاری کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

3۔ راجندر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔ 10

یا

قاضی عبدالستار کی ناول نگاری کی انفرادیت پر روشنی ڈالیے۔

4۔ قرۃ العین حیدر کے فن پر اظہارِ خیال کیجیے۔ 10

یا

اُردو میں فکشن کی روایت پر نوٹ لکھیے۔

5۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

دوپہر کا کھانا نمٹا کر اسی طرح بی اماں سہ دری کی چوکی پر جا بیٹھتی تھیں اور بقچی کھول کر رنگ برنگ کپڑوں کا جال بکھیر دیا کرتی تھیں۔ کونڈی کے پاس بیٹھی برتن مانجھتی ہوئی کبریٰ کن انکھیوں سے ان لال لال کپڑوں کو دیکھتی تو ایک سرخ جھپکی سی اس کے زردی مائل مٹیالے رنگ میں لپک اٹھتی۔ روپہلی کٹوریوں کے جال جب پورے پورے ہاتھوں سے کھول کر اپنے زانوؤں پر پھیلاتیں تو ان کا مرجھایا ہوا چہرہ عجیب ارمان بھری روشنی سے جگمگا اٹھتا۔ گہری خندقوں جیسی شکنوں پر کٹوریوں کا عکس ننھی منی مشعلوں کی طرح جگمگانے لگتا۔ ہر ٹانکے پر زری کا کام ہلتا۔ اور مشعلیں کپکپا اُٹھتیں۔

یاد نہیں اس شبنمی دوپٹے سے پہلے اور کتنے دوپٹے بنے، ٹکے تیار ہوئے اور لکڑی کے بھاری قبر جیسے صندوق کی

تہہ میں ڈوب گئے، کٹوریوں کے جال دھندلا گئے۔ گنگا جمنی کوریں ماند پڑ گئیں۔ طوی کے لچھے اداس ہو گئے۔ مگر کبریٰ کی بارات نہ آئی۔ جب ایک جوڑا پرانا ہو جاتا تو اسے چالے کا جوڑا کہہ کر سینت دیا جاتا۔ اور پھر ایک نئے جوڑے کے ساتھ نئی امیدوں کا افتتاح ہو جاتا۔ نئی چھان بین کے ساتھ نئی اطلس چھانٹی جاتی۔ سہ دری کے چوکے پر صاف ستھری جازم بچھتی۔ محلے کی عورتیں منہ میں پان اور بغل میں بچے دبائے جھانجھن بجاتی آ پہنچتیں۔

(a) دوپہر کا کھانا نمٹا کر بی امّاں کیا کیا کرتی تھیں؟

(b) کبریٰ جب لال لال کپڑوں کو دیکھتی تو اس کی کیا کیفیت ہوتی تھی؟

(c) بی امّاں جب جوڑا تیار کرتیں تو ان کی کیا کیفیت ہوتی تھی؟

(d) جوڑا پرانا ہونے پر اسے کیا کیا جاتا؟

(e) نئے جوڑے کی تیاری کے وقت کبریٰ کے گھر میں کون آتا تھا؟